# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 10 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۰؍جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **مراٹھا سماج کو دائمی ریزرویشن دیتے وقت دیگر سماجوں کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دیں گے‘ وزیراعلیٰ کا تیقن**

☆ **ریاست میں غیر قانونی پیتھالوجی لیب پر قابو اور کارروائی کرنے کے لیے علیحدہ سے قانون بنایا جائے گا وزیر اُدے سامنت کا اعلان**

☆ **ہنگولی اور جالنہ سمیت ریاست بھر میں 10؍ نئے سرکاری میڈیکل کالج شروع کیے جائیں گے‘ طبی تعلیم کے وزیر حسن مُشرف**

**اور**

☆ **مراٹھواڑے کے 28؍ تعلقوں میں گزشتہ 2؍ دنوں کے دوران اطمینان بخش بارش**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ترقی پسند مہاراشٹرا کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے ریاستی حکومت کسی بھی سماج کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دے گی۔ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ تیقن دیا ہے۔ ریزرویشن کے موضوع پر کل ممبئی میں منعقدہ کُل جماعتی اجلاس کے بعد وہ صحافیوں سے اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر انھوں نے سیاسی جماعتوں سے اپیل کی کہ وہ ریزرویشن کے بارے میں اُن کی آراء سے حکومت کو واقف کروائیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دانشمندی سے مراٹھا نیز او بی سی سماج کو ریزرویشن کا حل تلاش کرنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ امن و قانون کو برقرار رکھتے ہوئے سماجی ہم آہنگی کو بھی قائم رکھنا چاہیے۔

وزیراعلیٰ نے ایک بار پھر کہا کہ مراٹھا سماج کو دائمی ریزرویشن دیتے وقت دیگر کسی بھی سماج کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دیں گے۔

اِس موقعے پر نائب وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نیز اجیت پوار ‘ ریاستی کابینہ کے دیگر اراکین ‘ رکن پارلیمان اشوک چوہان ‘ سُنیل تٹ کرے اور ونچت بہوجن آگھاڑی کے پرکاش امبیڈکر بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

ریاست میں غیر قانونی پیتھالوجی لیب پر قابو اور کارروائی کرنے کے لیے علیحدہ سے قانون بنایا جائے گا۔ وزیر اُدئے سامنت نے کل اسمبلی میں یہ اعلان کیا۔ اِس قانون میں نرخ پر قابو اور کلیکشن سینٹر کا اندراج ‘ اِسی طرح فوجداری کارروائی کی گنجائش رکھی جائے گی۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ قانون نافذ العمل ہونے تک ریاست بھر میں ضلع سطحی وفود تشکیل دیے جائیں گے جو پیتھالوجی لیب کی جانچ کریں گے۔ انھوں نے بتایا کہ اگر مذکورہ قانون بنانے میں تاخیر ہوتی ہے تو موجودہ نرسنگ ایکٹ میں ترمیم کرکے کارروائی کی جائے گی۔

***** ***** *****

ورلی ہٹ اینڈ رن معاملے کے ملزم میہیر شاہ کو کل شاہ پور سے گرفتار کیا گیا۔ خیال رہے کہ میہیر شاہ نے سنیچر کی رات دیر گئے نشے کی حالت میں گاڑی چلاتے ہوئے ورلی علاقے میں نکھوا جوڑے کو ٹکر ماری دی تھی۔ اِس سانحہ میں کاویری نکھوا کی موت واقع ہوگئی تھی تب سے ہی میہیر شاہ فرار تھا۔ میہیر کی والدہ اور اُس کی بہن کو بھی حراست میں لیا گیا ہے۔ اِسی طرح میہیر نے جوہو کے جس مئے خانے سے شراب پی تھی اُسے بھی سیل کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

تعلیمی سال 25 - 2024ء سے ریاست میں 10 / نئے سرکاری میڈیکل کالجیس شروع کرنے کی کوشش ہے۔ طبی تعلیم کے وزیر حسن مُشرف نے یہ بات کہی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ مراٹھواڑے کے ہنگولی اور جالنہ سمیت ریاست میں 100 / طلباء کی گنجائش والے یہ میڈیکل کالجیس شروع کرنے کے لیے قومی میڈیکل کاؤنسل کو درخواست پیش کی گئی ہے۔ جناب حسن مُشرف نے مزید بتایا کہ مذکورہ میڈیکل کالجیس میں پروفیسر عہدے پُر کرنے کا عمل مہاراشٹر پبلک سروِس کمیشن کی معرفت جاری ہے۔ انھوں نے بتایا کہ میڈیکل کالج کی عمارت اور اُس سے منسلک ہسپتال کے ضمن میں کارروائی مکمل ہو چکی ہے۔

***** ***** *****

لاتور میں کل امن ریلی نکالی گئی تھی۔ مراٹھا ریزرویشن کے لیے آندولن کر رہے منوج جرانگے پاٹل اِس ریلی کی قیادت کر رہے تھے۔ اِس کے بعد جلسہ عام میں خطاب کرتے ہوئے جرانگے پاٹل نے مراٹھا سماج کے لیے او بی سی سے ریزرویشن لینے کا موقف ظاہر کیا۔

اِسی سلسلے میں آج دھاراشیو میں بھی امن ریلی نکالی جائے گی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میں آئندہ 13/ اور 14/اگست کے روز بین الاقوامی پانی کانفرنس کا اہتمام کیا جائے گا۔ یہ کانفرنس مہاتما گاندھی مشن کے رُکمنی ہال میں منعقد کی جائے گی۔ اِس کانفرنس کے پس منظر میں پیشگی تیاریوں کے موضوع پر کل اسمارٹ سٹی دفتر میں ایک میٹنگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ میونسپل کمشنر نیز منتظم جی شری کانت اِس اجلاس کے صدر تھے۔ خیال رہے کہ بین الاقوامی پانی کانفرنس میں پانی کا مناسب استعمال ' پانی فراہمی ' پانی کو دوبارہ استعمال کے قابل بنانا ' گندے پانی کی منصوبہ بندی اور آبی ذخائر کی بحالی جیسے کاموں پر مبنی مظاہرے پیش کیے جائیں گے۔

اِس کے علاوہ آئندہ 30/ برسوں کے دوران شہر کو آب رسانی کے موضوع پر بھی تبادلہ خیال کیا جائے گا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

نیٹ امتحان دھاندلی معاملے میں مشتبہ ملزم گنگا دھر کو لاتور کی عدالت نے کل تک سی بی آئی کی تحویل میں رکھنے کا حکم دیا ہے۔ خیال رہے کہ سی بی آئی کے دستے نے اُسے آندھرا پردیش سے گرفتار کیا تھا۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلع پریشد کے خصوصی کارگذار افسر انوپ شینگول وار نے کہا ہے کہ کچرے کو مناسب طریقے سے علیحدہ علیحدہ رکھنے سے متعلق عوامی بیداری پیدا کرنے کے لیے ہنگولی ضلعے میں آئندہ 7/اگست تک خصوصی مہم چلائی جائے گی ۔ انھوں نے بتایا کہ'' صفائی کے دو رنگ ' گیلا سبز سوکھا نیلا '' نامی یہ مہم تمام دیہاتوں میں چلائی جائے گی۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع میں بھی صفائی کے دو رنگ نامی مہم روبہ عمل لاکر اپنے گرد و نواح اور گھر کا گیلا نیز سوکھا کچرا مناسب طریقے سے علیحدہ علیحدہ کریں۔ ضلع پریشد کی خصوصی کارگذار افسر ورشا مینا نے یہ اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ہنگولی اور ناندیڑ ضلعے کے بیشتر حصوں میں آج صبح سوا سات بجے زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے ۔ جس کی وجہ سے وہاں خوف کا ماحول ہے۔

***** ***** *****

چنئی میں کل کھیلے گئے خواتین کرکٹ کے تیسرے T-20/ مقابلے میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 10/ وکٹ سے شکست دی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے جنوبی افریقہ کی ٹیم نے بھارت کو 85/ رن کا ہدف دیا تھا۔ جوابی بلّے بازی میں بھارتیہ خواتین کرکٹ ٹیم نے یہ ہدف 11/ ویں اوور میں پورا کرلیا۔ اِس جیت کے ساتھ ہی خواتین T-20/ کرکٹ سیریز میں بھارت نے ایک ایک سے برابری کرلی ہے۔

***** ***** *****

بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل کی جون مہینے کی درجہ بندی میں بھارت کے تیز گیند باز جسپریت بومرا کو اول مقام دیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ حال ہی میں کھیلی گئی آئی سی سی T-20/ ٹورنامنٹ میں بومراہ نے 8/ مقابلوں میں 15/ وکٹ لیے تھے۔

دوسری جانب خواتین کرکٹ میں بھارت کی اسمرتی مندھانا کو بھی بین الاقوامی کرکٹ کاؤنسل کی جون مہینے کی درجہ بندی میں اول مقام دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑے کے 28 ر تعلقوں میں گزشتہ 2 ر دنوں کے دوران اطمینان بخش بارش ہوئی ہے۔ چھترپتی سنبھا جی نگر ضلعے میں 21 ر اعشاریہ ایک ملی میٹر بارش کا اندراج ہوا۔

بیڑ ضلعے کے 5 ر محصول حلقوں میں کل موسلا دھار بارش کا اندراج ہوا۔ سب سے زیادہ بارش آشٹی تعلقے کے امل نیر میں ہوئی۔ لاتور ضلع کے پان چنچولی حلقے میں 90 ر ملی میٹر بارش اور دھاراشیو ضلعے کے موہا میں 61 ر ملی میٹر بارش کا اندراج ہوا۔

مراٹھواڑے کے 12 ر بڑے آبی ذخائر میں فی الحال 13 ر اعشاریہ 80 ر فیصد آبی ذخیرہ موجود ہے۔

اِسی دوران موسلا دھار بارش کی وجہ سے احمد نگر راستے پر کڈا کے مقام پر تعمیر پُل بہہ گیا۔ واضح رہے کہ کڈی ندی پر پُل کا تعمیری کام جاری ہے جس کی وجہ سے آمد ورفت کے لیے یہ پُل عارضی طور پر تعمیر کیا گیا تھا۔

***** ***** *****

پونا دفتر موسمیات کے مطابق آئندہ 2 ر دنوں میں کوکن اور وِدربھ کے بیشتر علاقوں اِسی طرح وسطی مہاراشٹر اور مراٹھواڑے کے بیشتر حصوں میں بارش ہونے کی امید ہے۔

***** ***** *****

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ کل جمعرات کے روز مقننہ سے خطاب کریں گے۔ موصولہ خبر کے مطابق وہ جمہوریت کے اقدار اور اخلاقیات کے موضوع پر دونوں ایوانوں کے اراکین سے تبادلہ خیال کریں گے۔

***** ***** ****

آ خر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...

☆ مراٹھا سماج کو دائمی ریز رویشن دیتے وقت دیگر سماجوں کے ساتھ ناانصافی نہیں ہونے دیں گے‘

وزیر اعلیٰ کا تیقن

☆ ریاست میں غیر قانونی پیتھالوجی لیب پر قابو اور کارروائی کرنے کے لیے علیحدہ سے قانون بنایا جائے گا

وزیر اُدئے سامنت کا اعلان

☆ ہنگولی اور جالنہ سمیت ریاست بھر میں 10 / نئے سرکاری میڈیکل کالج شروع کیے جائیں گے‘

طبی تعلیم کے وزیر حسن مُشرف

اور

☆ مراٹھواڑے کے 28 / تعلقوں میں گزشتہ 2 / دنوں کے دوران اطمینان بخش بارش

علاقائی خبریں ختم ہوئیں

آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

☆☆☆